Urdu | اردو

اپنے اہل خانہ کے لئے رقم حاصل کریں

چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کی ادائیگیاں 15 جولائی، 2021 سے شروع ہوں گی

کوویڈ کے دوران خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے، امریکی حکومت نے چائلڈ ٹیکس کریڈٹ میں تبدیلیاں کی ہیں۔ خاندانوں کو مکمل طور پر ناقابل واپسی کریڈٹ کا نصف حاصل ہو سکتا ہے—جس کی مالیت فی بچہ $3,600 ہے—2021 میں ماہانہ ادائیگی کے طور پر اور باقی نصف رقم 2022 میں واپسی رقم کے طور پر۔

2021 میں بچہ کی عمر	**ماہانہ ادائیگی (جولائی تا دسمبر 2021)**	**یکمشت ادائیگی (2022 ٹیکس ریفنڈ)**
0–5	فی بچہ $300 تک ہے	فی بچہ $1,800 تک ہے
6–17	فی بچہ $250 تک ہے	فی بچہ $1,500 تک ہے

اہم بات:

- بچہ کا سوشل سیکیورٹی نمبر (Social Security number, SSN) ہونا ضروری ہے۔ آپ کے پاس SSN یا انفرادی ٹیکس ادا کنندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN) ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کی کوئی آمدنی نہیں تھی یا ایڈجسٹ شدہ مجموعی آمدنی (Adjusted Gross Income, AGI) $75,000 تک (واحد فائلر) یا $150,000 تک (مشترکہ فائلرز) تھی تو آپ کو ادائیگی کی زیادہ سے زیادہ رقم حاصل ہوگی۔

کیا آپ صرف اپنے پورے چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کا ریفنڈ چاہتے ہیں؟ پیشگی ادائیگیوں سے اندراج ختم کرنے کیلئے، irs.gov پر IRS چائلڈ ٹیکس کریڈٹ اپ ڈیٹ پورٹل کا **استعمال کریں۔**

اپنی ادائیگی کیسے حاصل کریں <<

ادائیگی حاصل کرنے کے لیے، آپ کو ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی ضرورت ہے اگرچہ آپ پر رقم واجب الادا نہ ہو۔ اگر آپ قید میں ہیں یا بے گھر ہیں تب بھی آپ ادائیگی کے اہل ہیں۔ ادائیگی حاصل کرنے کا تیز ترین طریقہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ڈپازٹ ہے۔

اگلے مراحل:

آپ نے **2019** یا **2020** کا ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے یا **IRS** نان فائلر ٹول کا استعمال کیا ہے	← کسی کارروائی کی ضرورت نہیں۔
آپ کو ریٹرن فائل کرنے کی ضرورت ہے لیکن آپ نے **2019** یا **2020** کا ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کیا ہے	← **NYC کی مفت ٹیکس کی تیاری** کا استعمال کر کے اپنے ٹیکسز فائل کروائیں۔ **ذیل میں دیکھیں۔**
آپ کو ریٹرن فائل کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ آپ کی **AGI** (واحد فائلر) **$12,400** یا (مشترکہ فائلرز) **$24,800** سے کم ہے	← **اختیار 1: irs.gov** پر IRS چائلڈ ٹیکس کریڈٹ نان فائلر سائن-اپ ٹول کا استعمال کریں۔ **اختیار 2: NYC کی مفت ٹیکس کی تیاری کا استعمال کر کے اپنے ٹیکسز فائل کروائیں۔ ذیل میں دیکھیں۔**

ہم آپ کو سپورٹ کرنے کے لیے حاضر ہیں۔ طریقہ یہ ہے:

مفت مالی مشاورت

اپنے ٹیکسز فائل کروانے سے پہلے...

اگر آپ کے پاس اکاؤنٹ نہیں ہے تو **NYC مالی امپاورمنٹ کے مراکز** کا مشیر آپ کو ایک محفوظ اور قابل گنجائش بینک اکاؤنٹ کھولنے میں مدد کر سکتا ہے۔

اپائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے:

- **311** پر کال کریں اور "مالی مشاورت" بولیں
- **nyc.gov/TalkMoney** ملاحظہ کریں

مفت ٹیکس کی تیاری

NYC کی مفت ٹیکس کی تیاری کے IRS سے ایک سند یافتہ VITA/TCE رضاکارانہ تیاری کرانے والا اس بارے میں آپ کی رہنمائی کر سکتا ہے کہ کیسے یہ یقینی بنائیں کہ آپ ادائیگیاں حاصل کریں۔ خدمات پورے سال دستیاب ہوتی ہیں۔

معلومات یا اپائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے:

- **311** پر کال کریں اور "ٹیکس کی تیاری" بولیں
- **nyc.gov/taxprep** ملاحظہ کریں

دھوکوں سے ہوشیار رہیں۔ IRS آپ کی پیشگی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے ادائیگی یا آپ کی ذاتی معلومات کا مطالبہ کرنے کے لئے کال یا ای میل نہیں کرے گا۔ زیادہ تر لوگوں کو ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے کوئی کارروائی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

NYC Consumer and Worker Protection | Financial Empowerment Center | NYC FREE TAX PREP